سوال

(154)بیٹے کی شادی کے لئے جمع کی جانے والی دولت پر زکوۃ!

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی کئی سال سے پیسے جمع کررہا ہے تاکہ انہیں اپنے بیٹے کی شادی پر صرف کرے تو کیا ان میں زکوۃ ہوگی یاد رہے وہ ان پسوں کو صرف اپنے بیٹے کی شادی پر خرچ کرنا چاہتا ہے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

یہ جمع شدہ رقم اگر بقدر نصاب ہے اوراس پر سال گزرجائے تو ان کی زکوۃ ادا کرنا واجب ہوگا خواہ ان کے جمع کرنے سے نیت اپنے بیٹے کی شادی کرنا ہو کیونکہ یہ پیسے جب تک اس کے پاس ہیں اس کی ملکیت ہیں لہذا کتاب وسنت کے دلائل کے عموم کا یہی تقاضا ہے کہ شادی ہونے تک ہر سال ان کی زکوۃ ادا کی جائے !

مقالات وفتاویٰ ابن باز

صفحہ 261

محدث فتویٰ